# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے

# جامن

## کا رنگ

# ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی اور اس سے متعلقہ سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

# سیشن 1

15 منٹ

- بچوں سے گفتگو کریں کہ آج جو کتاب پڑھیں گے اس کا نام ہے **جامن کا رنگ** اور اس میں مختلف رنگ پھول' سبزی اور پھل کا ذکر ہے۔

  - بچوں سے کہیں کہ کتاب میں بنی تصویریں دیکھیں۔

  - بچوں سے چند زبانی سوال پوچھیں:

1) یہ کتاب آپ کو کیسی لگی؟
2) آپ میں سے کتنے بچوں کو جامن پسند ہے؟
3) جامن کا رنگ کیسا ہوتا ہے؟
4) جامن کا ذائقہ کیسا ہوتا ہے؟
5) جامن کھانے پر آپ کی زبان کیسی ہو جاتی ہے؟
6) آپ کا پسندیدہ رنگ کون سا ہے؟
7) آپ کا پسندیدہ پھول کون سا ہے؟
8) آپ کا پسندیدہ پھل کون سا ہے؟

10 منٹ

- 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کرائیں۔ مشکل الفاظ پڑھنے میں ان کی مدد کریں۔

15 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ اپنے پسندیدہ رنگ کی کسی بھی 5 چیزوں کے نام لکھیں اور ان کی تصویریں بنائیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ

- سیشن 2 کے لئے کلر پنسل لے کر آئیں اور اپنے والدین کی مدد سے گھر سے کتاب پڑھ کر آئیں۔

# سیشن 2

10 منٹ

- بچوں سے بنیادی (primary) اور ثانوی (secondary) رنگوں کے بارے میں گفتگو کریں۔
  - بچوں کو بتائیں کہ لال، نیلا اور پیلا تین بنیادی رنگ ہیں۔ ان کو ملا کر ثانوی رنگ جامنی، نارنجی اور ہرا بنتے ہیں۔
  - باقی تمام رنگ انہی 6 رنگوں کو ملا کر بنائے جاتے ہیں۔ ہلکا اور گہرا رنگ بنانے کے لئے سفید اور کالا بھی ملایا جاتا ہے۔

10 منٹ

- ثانوی اور بنیادی رنگوں کے نام اردو اور انگریزی میں بورڈ پر لکھیں۔ بچے یہ کام اپنی کوپی میں لکھیں۔

| بنیادی رنگ | primary colours |
|---|---|
| لال | red |
| پیلا | yellow |
| نیلا | blue |

| ثانوی رنگ | secondary colours |
|---|---|
| نارنجی | orange |
| جامنی | purple |
| ہرا | green |

15 منٹ

- بچوں سے کوپی میں بنیادی رنگوں سے ثانوی رنگ بنوائیں۔
  - بورڈ پر مثال دے کر سمجھائیں کہ بچوں کو کیا کرنا ہے۔

| لال | + | پیلا | = | نارنجی |
|---|---|---|---|---|

  - بچے پہلے بوکس میں لال رنگ کریں، دوسرے بوکس میں پیلا اور تیسرے بوکس میں پہلے لال رنگ پھر اس کے اوپر پیلا رنگ کریں۔ تیسرے بوکس میں نارنجی رنگ بن جائے گا۔
  - اسی طرح نیلا اور لال ملا کر جامنی بنائیں۔ نیلا اور پیلا ملا کر ہرا بنائیں۔

5 منٹ

- گھر کا کام دینے سے پہلے کلاس میں 3 گروپ بنائیں۔ ایک کو کسی سبزی کا نام دیں مثلاً بھنڈی، ٹماٹر وغیرہ۔ دوسرے کو کسی پھل کا نام دیں مثلاً آم، کیلا وغیرہ اور تیسرے کو کسی پھول کا نام دیں مثلاً گلاب، سورج مکھی وغیرہ۔

## گھر کا کام

5 منٹ

- اپنے گروپ کے حوالے سے پھل، سبزی اور پھول کی تصویریں اخبار یا رسالے سے کاٹ کر سیشن 4 کے لئے جمع کریں۔

> **ٹیچر کے لئے نوٹ**
>
> اگلے سیشن (سیشن 3) کے لئے چند ایسی چیزیں لے کر آئیں جن کی خوشبو سے پہچان ممکن ہو۔ جیسے گلاب، لہسن، لیمو، پیاز، چوکلیٹ، پودینہ وغیرہ۔ ہر چیز الگ الگ براؤن پیپر بیگ میں رکھ کر لائیں۔

# سیشن 3

20 منٹ

- جو چیزیں لائیں انہیں ٹیبل پر رکھیں لیکن پیپر بیگ میں ہی رہنے دیں۔
  - باری باری بچوں کو بلائیں اور انہیں مختلف چیزیں سونگھنے کے لئے دیں اس طرح کے انہیں نظر نہ آئے کہ پیپر بیگ میں کیا ہے۔ پیپر بیگ خود پکڑیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ خوشبو سونگھ کر بتائیں کہ یہ کیا چیز ہے۔

10 منٹ

- بچوں سے نیچے دیئے گئے سوالات زبانی پوچھیں اور جہاں ضرورت ہو وہاں مناسب وضاحت کریں۔

1) آپ کو کیسے معلوم ہوتا ہے کہ کوئی چیز کھٹی میٹھی نمکین یا کڑوی ہے؟ (جواب: چکھ کر)

2) آپ کے پیر کے تلوے کو کوئی چھوئے تو آپ ہنستے کیوں ہیں؟ (جواب: گدگدی ہوتی ہے)

3) آپ کو کیسے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے کپڑے ہرے ہیں یا لال؟ (جواب: دیکھ کر)

4) اگر امی کو آپ دیکھ نہ رہے ہوں اور امی بلائیں تو آپ کو کیسے معلوم ہوتا ہے کہ امی بلا رہی ہیں؟
(جواب: امی کی آواز سن کر)

10 منٹ
- بچوں کو بتائیں کہ ہماری 5 حسیں ہوتی ہیں جن سے ہمیں اردگرد کی دنیا کے بارے میں معلوم ہوتا ہے۔
  - ان حسیات کے نام اردو اور انگریزی میں بورڈ پر لکھیں۔ تیسرا کولم بچوں سے پوچھ کر لکھیں کہ یہ حس ہمارے جسم کے کس حصے میں ہوتی ہے۔

| حس | sense | جسم کا حصہ |
|---|---|---|
| دیکھنا | sight | آنکھیں |
| محسوس کرنا | touch | جلد |
| سننا | hearing | کان |
| مزہ | taste | زبان |
| سونگھنا | smell | ناک |

  - بچے یہ کام اپنی کوپی میں اتاریں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- اگلے سیشن کے لئے جمع کی ہوئی تصویریں لے کر آئیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

اگلے سیشن (سیشن 4) کے لئے کاغذ، glue اور stapler کا بندوبست کریں۔
کاغذ کی جگہ اخبار بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

# سیشن 4

20 منٹ

- بچے گھر سے پھل، پھول اور سبزی کی تصویریں لائے ہوں گے۔ بچوں کو ان کے گروپ میں بٹھائیں اور البم بنانے کا کام دیں۔ ہر گروپ 1 البم بنائے۔
  - ہر گروپ کو ایک بوتل glue دیں اور 4 - 3 کاغذ (یا اخبار) دیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ کاغذ اکٹھا رکھ کر fold کریں تاکہ 8 - 6 صفحے کی کتاب بن جائے۔
  - کاغذ جہاں سے fold ہو وہاں 4 - 3 جگہ staple کریں۔
  - پہلے صفحے پر بچے اپنے گروپ کے حوالے سے **سبزی، پھل** یا **پھول** لکھیں اور گروپ کے بچوں کے نام لکھیں۔
  - اس کے بعد ہر صفحہ پر ایک تصویر چپکائیں اور اس کا نام لکھیں۔
  - جب بچے کام کر رہے ہوں تو ان کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔ جہاں ضرورت ہو صحیح ہجے بتائیں۔
  - البم کلاس میں display کریں۔

20 منٹ

- 5 پھول 5 سبزی اور 5 پھل کے نام اردو اور انگریزی میں بتائیں اور بورڈ پر لکھیں۔ بچے یہ کام اپنی کوپی میں لکھیں۔

| vegetable | سبزی |
|---|---|
| onion | پیاز |
| tomato | ٹماٹر |
| bitter gourd | کریلا |
| cauliflower | گوبھی |
| potato | آلو |

| fruit | پھل |
|---|---|
| mango | آم |
| grapes | انگور |
| orange | مالٹا |
| apple | سیب |
| banana | کیلا |

| flower | پھول |
|---|---|
| lotus | کنول |
| jasmine | چنبیلی |
| marigold | گیندا |
| rose | گلاب |
| sunflower | سورج مکھی |

## گھر کا کام

5 منٹ
- صفحہ نمبر 9 - 1 سے املا کے لئے تیاری کر کے آئیں۔

### ٹیچر کے لئے نوٹ

اگلے سیشن (سیشن 5) کے لئے نیچے دی گئی چیزوں کا انتظام کر لیں۔

- نیلی ہری اور لال رنگ کی روشنائی (ink) کی ایک ایک بوتل۔
- 10 cm کٹے ہوئے اتنے دھاگے کہ ہر بچے کو 3 دھاگے ملیں۔
- A4 کاغذ کی اتنی sheets کہ ہر بچے کو 1 sheet ملے۔

# سیشن 5

10 منٹ
- بچوں سے کہیں اپنی کوپی نکالیں اور املا لکھیں۔ بچوں کو املا کے لئے 15 - 10 الفاظ دیں۔
  - بچوں کی کوپی چیک کریں۔ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اصلاح کریں۔

10 منٹ
- کتاب کا صفحہ نمبر 13 بچوں کو پڑھ کر سنائیں اور پوچھیں کہ ہم روشنائی کو کس کام کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ بچے کہیں گے کہ ہم اسے لکھنے میں استعمال کرتے ہیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ آج ہم روشنائی کو ڈیزائن بنانے کے لئے استعمال کریں گے۔
  - بچوں کو کام دینے سے پہلے ایک دفعہ خود ڈیزائن بنا کر دکھائیں۔
  - ایک 10 cm کا دھاگہ لال روشنائی کی بوتل میں بھگوئیں۔ دھاگہ نکال کر کاغذ کے ایک طرف گھما کر رکھیں۔ دھاگے کے اوپر کاغذ fold کریں، کاغذ کو ہاتھ سے دبائیں اور دھاگہ کھینچ کر نکال لیں۔

- اسی طرح اس کاغذ پر ہری اور نیلی روشنائی سے ڈیزائن بنائیں۔ ہر روشنائی کا الگ دھاگہ استعمال کریں۔

25 منٹ

• بچوں کے 3 گروپ بنائیں۔

- ہر گروپ کو دھاگہ اور کاغذ دیں اس طرح کے ہر بچے کے پاس 3 دھاگے اور ایک کاغذ ہو۔

- ایک گروپ کو ہری، دوسرے کو نیلی اور تیسرے کو لال روشنائی کی بوتل دیں۔

- بچوں سے کہیں کہ اپنے کاغذ پر جس طرح بتایا گیا ہے ڈیزائن بنائیں۔

- جب ایک گروپ ایک رنگ سے کام ختم کر لے تو ان کو دوسرے رنگ کی بوتل دیں اور پھر تیسرے رنگ کی دیں۔

- جب بچے تینوں رنگوں سے کام ختم کر لیں تو ان کا کام کلاس میں ڈسپلے کریں۔

# جامن کا رنگ

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk